# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

کورس: روزمرہ اردو(204) — سمسٹر: خزاں 2013ء

سطح: میٹرک

# بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ و طالبات!......السلام علیکم۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | رہنمائے طلبہ | 1عدد |
| 2- | کتابیں (درسی کتب) | 1عدد(1 تا 12 یونٹ) |
| 3- | امتحانی مشقیں | 4عدد |
| 4- | فارم برائے امتحانی مشق | 4عدد |
| 5- | اوقات نامہ | مشقی کام/تعلیمی اجتماعات |

نوٹ: بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ مراسلاتی خدمات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو (204) — سمسٹر: خزاں 2013ء

سطح: میٹرک — کل نمبر 100

کامیابی کے نمبر 40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1: (الف) مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

i۔ کون سی نماز پانچ نمازیں فرض ہونے کے بعد معاف ہو گئی؟

ii۔ آپؐ کے رشتہ داروں میں بچپن سے جوانی تک کون آپؐ کی خدمت میں رہا؟

iii۔ حضرت فاطمہؓ کے لیے خادمہ کا بندوبست کیوں نہیں ہو سکا؟

iv۔ ہندوستان پر مسلمانوں نے کتنے سال حکومت کی؟

v۔ حضرت مجدد الف ثانی کون تھے؟

vi۔ مسلمانوں کے لیے انگریزی تعلیم کو کس نے ضروری قرار دیا؟

vii۔ انگریز اپنے ساتھ کون سا نظام لے کر آئے؟

viii۔ حضرت ابن عباس کون تھے؟

ix۔ مغلیہ سلطنت کا آخری بادشاہ کون تھا؟

x۔ آل انڈیا کانگریس کی بنیاد کب پڑی؟

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔ (10)

طوق۔ جدوجہد۔ خشیت۔ مساوات۔ اخوت۔ تصدیق۔ منصب۔ قیادت۔ جدید۔ ایثار

سوال نمبر 2: تحریک آزادی میں مسلمانوں کو کن کن تکالیف کا سامنا کرنا پڑا؟ تفصیلاً لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے مندرجہ ذیل پیراگراف کی تشریح کیجیے۔ (20)

”ایثار کا وعظ کہنے والوں کو تم نے بہت دیکھا ہوگا مگر کیا کسی ایثار کے وعظ کہنے والوں کو بھی فیرسیرت میں اس کی مثال بھی دیکھی ہے؟ اس کی مثال مدینے کی گلیوں میں ملے گی۔ آپؐ نے لوگوں کو ایثار کی تعلیم دی تو ساتھ ہی ان کے سامنے اپنا نمونہ بھی پیش کیا۔ حضرت فاطمہ سے جو آپ کو محبت ہے وہ ظاہر ہے مگر انھی حضرت فاطمہ کی تنگ دستی سے یہ حالت تھی کہ چکی پیستے پیستے ہتھیلیاں گھس گئی تھیں اور مشک میں پانی بھر بھر کر لانے سے سینے پر نیل کے داغ پڑ گئے تھے۔ ایک دن حاضر ہو کر پدر بزرگوار سے ایک خادمہ کی خواہش ظاہر کی۔ ارشاد ہوا فاطمہ بدر کے یتیم تم سے پہلے درخواست کر چکے ہیں۔“

سوال نمبر 4۔ آنکھوں کی حفاظت کیسے کی جا سکتی ہے؟ وہ کون سی چیزیں ہیں جن سے آنکھوں کو نقصان پہنچتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5 سبق ”رسولِ خداؐ کے اخلاق“ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں پیش کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر 1: (الف) صحت کے بنیادی اصول کون کون سے ہیں؟ (10)

(ب) ناخنوں کی صفائی اور حفاظت کیوں ضروری ہے؟ (10)

سوال نمبر 2: قلی اور مسافر کے مابین مکالمہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ (20)

متوجہ۔ زحمت۔ دام۔ مقدار۔ رعایت۔ مانوس۔ منہا۔ لعنت۔ خراش۔ قربت۔ تُفیل۔ مانوس۔
ناسازگار۔ خودنمائی۔ نشست۔ نعمت۔ عوض۔ کسٹم۔ پیکنگ۔ بور۔

سوال نمبر 4: کرایہ دار اور مالک مکان کے مابین مکالمہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (20)

i۔ ٹیلی فون کرتے وقت پہلا کون سا لفظ بولا جاتا ہے؟
ii۔ کیا زینت کو پہلی ہی مرتبہ صحیح فون نمبر مل گیا؟
iii۔ غلط نمبر ملنے پر زینت نے کیا کیا؟
iv۔ زینت کس سے بات کرنا چاہتی تھی؟
v۔ سعیدہ کہاں گئی؟
vi۔ سعیدہ کو کیا چیز چاہیے تھی؟
vii۔ سعیدہ کو خط کہاں بھیجنے تھے؟
viii۔ سعیدہ کو منی آرڈر کہاں بھیجنا تھا؟
ix۔ عام خط اور رجسٹری شدہ خط میں کیا فرق ہے؟
x۔ رجسٹری پر کتنے پیسے خرچ ہوئے؟

# امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر 100 | کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر 1: والد صاحب کے نام خط لکھیے جس میں انھیں امتحان میں اپنی کامیابی کی اطلاع دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2: افسر صحت کے نام محلے کی صفائی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3: واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ (20)

شکایات۔ ادب۔ آثار۔ تقریب۔ خطوط۔ خدمات۔ جذبات۔ مشکل۔ حادثہ۔ نتائج۔ حالت۔

گزارش۔ مضمون۔ اشتہارات۔ نشان۔ علامات۔ ضرورت۔ لفظ۔ مصروفیات۔ امتحانات۔

سوال نمبر 4: دعوت نامے اور خط میں کیا فرق ہے؟ سکول میں یوم اقبال کی تقریب میں شرکت کا دعوت نامہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5: (الف) خط کس طرح لکھنا چاہیے؟ (10)

(ب) مندرجہ ذیل لفظوں کے معنی لکھیے۔ (10)

استدعا۔ ممنون۔ کوائف۔ مکتب۔ تجدید۔ ارسال۔ اسناد۔ معاملہ۔ فرمائش۔ منسلک

# امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر 100 | کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر 1: لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟ پشتو لوک کہانی ''خون کا بدلہ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2: شادی بیاہ کی رسموں مہندی، مائیوں، ساچق اور رخصتی پر مفصل مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ (20)

پر تپاک۔ نیم دراز۔ فریقین۔ اثنا۔ عاقبت۔ معتقد۔ کسر نکالنا۔ آرسی۔ بیوا۔ رونمائی۔

جہیز۔ مہلک۔ مطیع۔ اوہام۔ اہل حرفہ۔ ایال۔ ایام۔ لوئی۔ مفلسی۔ عقد۔

سوال نمبر 4: ڈراما ''امان جان'' کے اہم کردار کون سے ہیں؟ ہر کردار کا مختصر تعارف کرائیے۔ (20)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (20)

قوی تجھ سے ہمت ہے پیر و جواں کی
بندھی تجھ سے ڈھارس خرد اور کلاں کی
تجھی پر ہے بنیادِ نظم جہاں کی
نہ ہو تُو تو رونق نہ ہو اس دکاں کی
تگا پو ہے ہر مرحلے میں تجھی سے
روا رو ہے ہر قافلے میں تجھی سے